# سوالات برائے سیرت کوئز

# زیر اہتمام

# غالب انٹرنیشنل اسکول، زکریا کالونی مظفر پور

## ھدایات

(۱) جوابی کاپی پر اپنا نام، رول نمبر، درجہ اور اسکول کا نام ضرور لکھیں۔

(۲) امتحان کا وقت ایک گھنٹہ ہے اس کے بعد کاپی لے لی جائے گی۔

(۳) کسی طرح کا کوئی چٹ پرزہ پکڑے جانے پر امتحان دینے کی اہلیت ختم ہو جائے گی اور آپ سے جوابی کاپی لے لی جائے گی۔

(۴) رول نمبر کے حساب سے آپ کی بیٹھنے کی جو جگہ متعین ہے اس کے علاوہ کہیں نہیں بیٹھیں۔

(۵) ہر سوال کے دیئے گئے جوابات میں سے صحیح جواب پر نشان لگائیں اس کے علاوہ کوئی دوسرا نشان نہ لگائیں۔ کسی بھی سوال کے دیئے گئے جوابات میں اگر ایک سے زیادہ نشان لگ جائیں تو وہ دونوں جواب کالعدم ہو جائیں گے اور اس کا کوئی نمبر نہیں ملے گا۔ اس لئے پہلے ہی سوچ سمجھ کر نشان لگائیں۔

(۶) اگر ایک سے زیادہ امتحان دہندگان نے امتیازی نمبرات حاصل کئے تو اول، دوم اور سوم درجہ متعین کرنے کے لئے آپ سے مزید سوالات بھی کیئے جاسکتے ہیں اور قرعہ اندازی بھی کی جاسکتی ہے۔

(۷) امتحان ہال میں موبائل فون کی اجازت نہیں ہے اس لئے اگر آپ کے پاس موبائل ہے تو آفس میں جمع کر دیں۔

(۸) جوابات کو نشان زد کرنے کے لئے کالا یا بلو قلم کا استعمال کریں۔

(۹) کل نمبرات (۱۰۰) ہیں ہر صحیح جواب پر ایک نمبر ملے گا۔

نوٹ: کوئز کے نتائج کا اعلان ۲۲؍ اکتوبر بروز اتوار دس بجے صبح غالب انٹرنیشنل اسکول برانچ دو میں کیا جائے گا۔

(۱) سوال عیسوی تاریخ کے اعتبار سے ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کب پیدا ہوئے؟

(a) ۲۲/اپریل ۵۷۱ء (b) ۲۴/جون ۵۷۶ء (c) ۱۲/اگست ۵۲۳ء (d) ۱۴/جنوری ۵۶۳ء

(۲) سوال آپ ﷺ کے دادا کا نام کیا تھا؟

(a) ہاشم (b) عبدالمطلب (c) ابوطالب (d) ابوالمنذر

(۳) سوال آپ ﷺ کے کتنے چچا تھے؟

(a) نو (b) دس (c) گیارہ (d) بارہ

(۴) سوال آپ ﷺ اپنی والدہ ماجدہ کے پاس کتنے دن رہے؟

(a) چار سال (b) دو سال (c) چھ سال (d) آٹھ سال

(۵) سوال آپ ﷺ عبدالمطلب کی پرورش میں کتنے دن رہے؟

(a) چھ سال (b) آٹھ سال (c) پانچ سال (d) دو سال

(۶) سوال ملک شام کا پہلا سفر آپ ﷺ نے کس عمر میں کیا؟

(a) دس سال (b) بارہ سال (c) پندرہ سال (d) بیس سال

(۷) سوال جنگ فجار میں آپ ﷺ کے ذمے کون سا کام تھا۔

(a) سامان کی رکھوالی (b) گھوڑوں کی دیکھ بھال

(c) چچوں کو تیر اٹھا کر دینا (d) زخمیوں کو پانی پلانا

(۸) سوال حضرت خدیجہ سے نکاح کے وقت آپ ﷺ کی عمر شریف کیا تھی؟

(a) چالیس سال (b) اٹھارہ سال (c) چوبیس سال (d) پچیس سال

(۹) سوال قبائل قریش نے حجر اسود کا مسئلہ حل کرنے کے لئے آپ ﷺ کو فیصل بنایا۔ اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

(a) تیس سال (b) پینتیس سال (c) چالیس سال (d) پینتالیس سال

(۱۰) سوال غار حراء کیا ہے؟

(a) مکہ کا قلعہ (b) ایک جزیرہ (c) ایک پہاڑی کھوہ (d) ایک عبادت گاہ

(۱۱) سوال غار حراء میں آپ ﷺ نے کتنے دنوں تک عبادت کی۔

(a) چھ سال (b) سات سال (c) آٹھ سال (d) دس سال

(۱۲) سوال آپ ﷺ پر سب سے پہلی قرآن کی کون سی آیتیں نازل ہوئیں؟

(a) سورہ فاتحہ (b) سورہ اخلاص

(c) سورہ اقرأ کی پانچ آیتیں (d) سورہ بقرہ کی آخری آیتیں

(۱۳) سوال　جب رسول اللہ ﷺ غار حراء سے گھبرائے ہوئے گھر آئے تو حضرت خدیجہؓ انہیں لے کر کہاں گئیں؟

(a) ابوبکر صدیق کے پاس　(b) سرداران قریش کے پاس

(c) ورقہ بن نوفل کے پاس　(d) معن بن عدی کے پاس

(۱۴) سوال　آپ ﷺ کس کے مکان کو بطور درس گاہ استعمال کرتے تھے۔

(a) ابوطالب　(b) خدیجۃ الکبریٰ　(c) ابوبکر صدیق　(d) ارقم بن ارقم

(۱۵) سوال　جب کفار کی زیادتیاں حد سے زیادہ بڑھیں تو آپ ﷺ نے مسلمانوں کو کہاں جانے کی اجازت دی؟

(a) طائف　(b) مصر　(c) حبشہ　(d) حجاز

(۱۶) سوال　مقاطعہ کے درمیان مسلمان اور بنو ہاشم کہاں رہے؟

(a) شعب عبدالمطلب　(b) شعب ابوطالب　(c) شعب بنی ہاشم　(d) شعب محمدی

(۱۷) سوال　عام الحزن کس سال کو کہتے ہیں؟

(a) نبوت کے چھٹے سال کو　(b) نبوت کے ساتویں سال کو

(c) نبوت کے دسویں سال کو　(d) نبوت کے گیارہویں سال کو

(۱۸) سوال　طائف کے سفر میں آپؐ کے ساتھ کون تھے؟

(a) حارثہ بن زید　(b) زید بن حارثہ　(c) زید بن طالب　(d) زید بن بکر

(۱۹) سوال　طائف سے واپسی میں آپؐ نے کس کے باغ میں قیام کیا؟

(a) ربیعہ بن عتبہ　(b) عتبان بن ربیعہ　(c) عتبہ بن ربیعہ　(d) سالم بن عتبہ

(۲۰) سوال　حضرت عائشہ سے آپؐ نے نکاح کب کیا؟

(a) ۹ھ نبوی　(b) ۱۰ھ نبوی　(c) ۱۱ھ نبوی　(d) ۱۲ھ نبوی

(۲۱) سوال　مدینہ والے کس سال ایمان لائے؟

(a) ۹ھ نبوی　(b) ۱۰ھ نبوی　(c) ۱۱ھ نبوی　(d) ۱۲ھ نبوی

(۲۲) سوال　آپؐ نے مدینہ والوں کے ساتھ مبلغ بنا کر کس کو روانہ کیا؟

(a) عمیر بن مصعب　(b) مصعب بن زبیر　(c) مصعب بن عمیر　(d) عمیر بن سالم

(۲۳) سوال　مدینہ سے آنے والوں نے حضورؐ سے کہاں ملاقات کی؟

(a) دار ارقم　(b) دار ابوطالب　(c) عقبہ کی گھاٹی　(d) غار حراء

(۲۴) سوال　جب مسلمان ہجرت کر کے مدینہ جانے لگے تو قریش نے کیا رویہ اختیار کیا ؟

(a) سب کو جانے دیا　(b) کسی کو نہیں جانے دیا

(c) رکاوٹیں پیدا کرنے لگے　(d) جنگ کا اعلان کر دیا

(۲۵) سوال دارالندوہ کیا تھا؟

(a) عبادت کی جگہ (b) فیصلہ کی جگہ (c) خزانہ رکھنے کی جگہ (d) مشورہ کرنے کی جگہ

(۲۶) سوال ہجرت کی رات رسول اللہ ﷺ کے مکان کا محاصرہ کن لوگوں نے کیا؟

(a) تمام مسلمانوں نے (b) تمام اہل مکہ نے

(c) تمام قبائل عرب نے (d) قبائل مکہ کے ایک ایک فرد نے

(۲۷) سوال ہجرت کی رات اپنے گھر سے نکل کر آپ ﷺ کس کے گھر تشریف لے گئے؟

(a) حضرت علی (b) حضرت ابوبکر صدیق (c) حضرت عمر فاروق (d) حضرت عثمان غنی

(۲۸) سوال ہجرت کے وقت رسول اللہ کو زندہ یا مردہ پکڑنے والے کے لئے اہل مکہ نے کیا انعام مقرر کیا؟

(a) ایک ہزار اشرفیاں (b) ایک سو گھوڑے (c) ایک سو اونٹ (d) ایک سو دینار

(۲۹) سوال غار ثور میں قیام کے درمیان مکہ کی خبریں لا کر کون دیتا تھا؟

(a) عبداللہ بن عمر (b) عبداللہ بن ابوبکر (c) عبداللہ بن زبیر (d) عبداللہ بن ثمر

(۳۰) سوال ہجرت کے سفر میں آپؐ نے راستہ بتانے کے لئے کس کو اجرت پر رکھا؟

(a) اریقط بن عبداللہ (b) سعداللہ بن اریقط (c) عبداللہ بن اریقط (d) معن بن اریقط

(۳۱) سوال غار ثور سے مدینہ تک کا سفر آپؐ نے کتنے دنوں میں طے کیا؟

(a) ایک ماہ (b) پندرہ دن (c) آٹھ دن (d) چھ دن

(۳۵) سوال قبا میں آپ نے کس کے مکان میں قیام فرمایا؟

(a) اسعد بن زرارہ (b) مالک بن جعشم (c) معصوم بن ہدم (d) کلثوم بن ہدم

(۳۶) سوال قبا میں قیام کے درمیان آپؐ نے کون سا اہم کام انجام دیا؟

(a) مسلمانوں میں مواخات (b) مسلمانوں کی حفاظت کا انتظام

(c) صلح کا معاہدہ (d) مسجد کی بنیاد

(۳۷) سوال مدینہ میں آپ نے کس کے مکان میں قیام فرمایا؟

(a) سالم بن عبداللہ انصاری (b) ایوب بن بکر انصاری

(c) ابوایوب انصاری (d) ناصر بن ایوب انصاری

(۳۸) سوال مسجد نبوی کی بنیاد جس جگہ پر رکھی گئی تھی وہ زمین کس کی تھی؟

(a) عامر بن سہیل (b) سہل اور سہیل (c) ساحل اور سہیل (d) سہیل بن سہل

(۳۹) سوال غزوۂ بدر میں اسلامی لشکر کی کیا حالت تھی؟

(a) نہایت عالی شان (b) بے سروسامانی (c) افراد کی کثرت (d) ہتھیاروں کی فراوانی

(۴۰) سوال غزوۂ بدر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

(a) تیرہ (b) چودہ (c) پندرہ (d) سترہ

(۴۱) سوال غزوہ بنی قینقاع کب ہوا؟

(a) ۳ھ (b) ۴ھ (c) ۵ھ (d) ۶ھ

(۴۲) سوال غزوہ احد کب واقع ہوا؟

(a) ۱۵ر شوال ۴ھ (b) ۱۷ر شوال ۳ھ (c) ۱۵ر شوال ۳ھ (d) ۹ر شوال ۵ھ

(۴۳) سوال غزوہ احد میں لڑائی کے وقت آپ ؐ کے ساتھ کتنے لوگ رہ گئے؟

(a) چارسو (b) سات سو (c) نوسو (d) تین سو

(۴۴) سوال احد مدینہ سے کتنے میل کے فاصلہ پر ہے؟

(a) چھ میل (b) سات میل (c) چار میل (d) تین میل

(۴۵) سوال احد کی لڑائی میں اسلامی جھنڈا کس کے ہاتھ میں تھا؟

(a) عبداللہ بن زبیر (b) مالک بن عمیر (c) مصعب بن عمیر (d) سالم بن جبیر

(۴۶) سوال حضورؐ کے چچا حضرت حمزہؓ کو کس نے شہید کیا؟

(a) فارسی غلام وحشی (b) نجدی غلام وحشی (c) حبشی غلام وحشی (d) مکی غلام وحشی

(۴۷) سوال احد کی لڑائی کا انجام کیا ہوا؟

(a) برابری (b) مسلمانوں کی فتح (c) مکہ والوں کی فتح (d) مکہ والوں کی ہار

(۴۸) سوال غزوۂ ذات الرقاع کب ہوا؟

(a) جمادی الاول ۶ھ (b) جمادی الاول ۴ھ

(c) جمادی الاول ۷ھ (d) جمادی الاول ۲ھ

(۴۹) سوال غزوۂ دومۃ الجندل کب ہوا؟

(a) ربیع الاول ۴ھ (b) جمادی الاول ۵ھ

(c) ربیع الاول ۵ھ (d) رجب ۵ھ

(۵۰) سوال غزوۂ خندق میں خندق کھودنے کا مشورہ کس نے دیا؟

(a) سلمان فارسی (b) امیہ ضمری

(c) دحیہ کلبی (d) عروہ فارسی

(۵۱) سوال بنوقریظہ سے متعلق فیصلہ کرنے کے لئے کس کو حکم بنایا گیا؟

(a) معاذ بن سعد (b) سعد بن زرارہ (c) سعد بن معاذ (d) سعد بن خیثمہ

(۵۲) سوال آپ ﷺ عمرہ کے ارادہ سے کب روانہ ہوئے؟

(a) ذیقعدہ ۶ ؁ھ (b) شوال ۶ ؁ھ (c) محرم ۷ ؁ھ (d) رجب ۹ ؁ھ

(۵۳) سوال آپؐ عمرہ کیوں نہ کر سکے؟

(a) راستہ میں آپ بیمار پڑ گئے (b) کوئی ساتھ چلنے کو تیار نہ ہوا

(c) مکہ والے لڑائی پر آمادہ ہو گئے (d) آپ نے ارادہ بدل دیا

(۵۴) سوال مکہ والوں سے کتنے دنوں کے لئے صلح ہوئی؟

(a) سات سال (b) دس سال (c) بارہ سال (d) پندرہ سال

(۵۵) سوال غزوۂ خیبر میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

(a) چودہ سو (b) پندرہ سو (c) تیرہ سو (d) تین ہزار

(۵۶) سوال غزوہ خیبر میں کتنے یہودی مارے گئے؟

(a) ۷۰ (b) ۸۰ (c) ۹۰ (d) ۹۲

(۵۷) سوال شاہ روم ہرقل کے پاس کس کو بھیجا گیا؟

(a) صارم کلبی (b) حنیفہ کلبی (c) دحیہ کلبی (d) معاذ کلبی

(۵۸) سوال شاہ عمان کے پاس کس کو بھیجا گیا؟

(a) بکر بن عاص (b) عاص بن وائل (c) عاص بن عمرو (d) عمر بن عاص

(۵۹) سوال شاہ یمن حرث ابن کلال حمیری کے پاس کس کو بھیجا گیا؟

(a) امیہ بن مہاجر (b) مہاجر بن امیہ (c) ضمام بن ثعلبہ (d) ہوزہ بن علی

(۶۰) سوال آپؐ نے عمرۃ القضاء کب اداء کیا؟

(a) ۸ ؁ھ (b) ۹ ؁ھ (c) ۱۰ ؁ھ (d) ۱۱ ؁ھ

(۶۱) سوال عمرۃ القضاء کے سفر میں آپؐ نے کس سے نکاح کیا؟

(a) زینب بنت جحش (b) میمونہ بنت حارث (c) سودہ بنت زمعہ (d) عائشہ بنت ابوبکر

(۶۲) سوال جنگ موتہ میں آپؐ نے لشکر کا سردار کس کو بنایا تھا؟

(a) اسامہ بن زید (b) زید بن حارث (c) زید بن ثابت (d) زید بن بکر

(۶۳) سوال جنگ موتہ میں عیسائی لشکریوں کی تعداد کتنی تھی؟

(a) ستر ہزار (b) ایک لاکھ (c) سوا لاکھ (d) تین لاکھ

(۶۴) سوال بنوخزاعہ کا قتل عام کس نے کیا؟

(a) اہل مکہ نے (b) نبوقتال نے (c) بنوبکر نے (d) بنوغسان نے

(۶۵) سوال بنوخزاعہ کی طرف سے فریاد لے کر کون مدینہ آیا؟

(a) بدیل بن ورقہ (b) ورقہ بن نوفل (c) نوفل بن ورقہ (d) جریر بن ورقہ

(۶۶) سوال مکہ سے صلح کے لئے کون روانہ ہوا؟

(a) ابوعباس (b) ابوسفیان (c) ابوحمزہ (d) ابوعروہ

(۶۷) سوال مسلمانوں کے حملہ آور ہونے کی خبر کس نے مکہ پہونچانے کی کوشش کی تھی؟

(a) عبداللہ بن ابی (b) عروہ بن مسعود (c) حاطب بن ابی بلتعہ (d) بلعم بن باعورا

(۶۸) سوال مسلمانوں کے حملہ آور ہونے کی خبر مکہ والوں کو کس کے ذریعہ بھیجی جا رہی تھی؟

(a) ایک منافق (b) ایک عورت (c) ایک کبوتر (d) ایک مسافر

(۶۹) سوال فتح مکہ کے سفر میں آپؐ کے ساتھ کتنے صحابہ کرام تھے؟

(a) چودہ ہزار (b) دس ہزار (c) چوبیس ہزار (d) بیس ہزار

(۷۰) سوال آپؐ نے مرالظہران میں طلایہ گردی کے لئے کس کو مامور فرمایا تھا؟

(a) عمر فاروق (b) علی مرتضی (c) سعد بن معاذ (d) عمرو بن سالم

(۷۱) سوال حضورؐ نے ابوسفیانؓ کے ساتھ کیا رویہ اختیار فرمایا؟

(a) قید کر دیا (b) معاف کر دیا

(c) ایک رات کی مہلت دی (d) ان کی کوئی بات نہ سنی

(۷۲) سوال مکہ میں آپ ﷺ کس طرح داخل ہوئے؟

(a) امن کے ساتھ (b) صلح کے ساتھ (c) جنگ کرتے ہوئے (d) جوش کے ساتھ

(۷۳) سوال مکہ میں داخلہ کے بعد آپ ﷺ نے کس طرح خانہ کعبہ کا طواف کیا؟

(a) پیدل چل کر (b) سواری پر بیٹھ کر (c) سر جھکا کر (d) دوڑتے ہوئے

(۷۴) سوال فتح مکہ کے دن آپؐ نے اپنا عمامہ مبارک کس کو عطا فرمایا؟

(a) وہب بن عمیر (b) عمیر بن وہب (c) خالد بن ولید (d) امیہ بن وہب

(۷۵) سوال بنوکنانہ کے بت عزیٰ کو کس نے توڑا؟

(a) عمر بن خالد (b) خالد بن عمر (c) خالد بن ولید (d) ولید بن خالد

(۷۶) سوال غزوہ حنین کب واقع ہوا؟

(a) شوال ۸ھ (b) شوال ۹ھ (c) شوال ۱۰ھ (d) شوال ۱۱ھ

(۷۷) سوال غزوہ حنین کا کیا نتیجہ ہوا؟

(a) مسلمانوں کی فتح (b) مسلمانوں کی شکست (c) برابری (d) کچھ بھی نہیں

(۷۸) سوال　حنین کی مال غنیمت کی تقسیم کے بعد آپؐ نے کیا کیا؟

(a) مدینہ واپس ہو گئے　(b) وہیں ٹھہرے رہے　(c) عمرہ ادا کیا　(d) حج کا ارادہ کیا

(۷۹) سوال　عام الوفود کس سال کو کہا جاتا ہے؟

(a) ۹ھ　(b) ۱۰ھ　(c) ۱۱ھ　(d) ۷ھ

(۸۰) سوال　رومی فوج کی تیاریوں کی خبر سن کر آپؐ نے کیا کیا؟

(a) مدینہ میں مشورہ کیا　(b) قبائل کو صلح کی دعوت دی

(c) رومی بادشاہ کو خط لکھا　(d) جنگ کی تیاری کا حکم دیا

(۸۱) سوال　رومی فوج سے مقابلہ کے لئے اسلامی لشکر کے لئے کتنے افراد تیار ہو گئے؟

(a) چالیس ہزار　(b) پینتیس ہزار　(c) تیس ہزار　(d) چوبیس ہزار

(۸۲) سوال　روم کی طرف جاتے وقت آپؐ نے اپنے اھل وعیال کی حفاظت کے لئے مدینہ میں کس کو چھوڑا؟

(a) حضرت عبداللہ بن ام مکتوم　(b) حضرت علی مرتضیٰ

(c) حضرت ابوبکر صدیق　(d) حضرت عمر فاروق

(۸۳) سوال　چشمۂ تبوک پر آپؐ نے کتنے دنوں قیام کیا؟

(a) دس روز　(b) پندرہ روز　(c) بیس روز　(d) چالیس روز

(۸۴) سوال　مسجد ضرار کو جلانے کے لئے آپؐ نے کن کو بھیجا؟

(a) مالک بن وحشم سالمی　(b) جعد بن مالک سالمی　(c) سراقہ بن مالک سالمی　(d) حیثم بن علی سالمی

(۸۵) سوال　مکہ کا پہلا امیر کس کو بنایا گیا؟

(a) اسید بن خطاب　(b) عتاب بن اسید　(c) عتبہ بن اسید　(d) کلاب بن مرہ

(۸۶) سوال　آپؐ حج بیت اللہ کے لئے کب روانہ ہوئے؟

(a) ذیقعدہ ۱۰ھ　(b) ذیقعدہ ۹ھ　(c) ذیقعدہ ۱۲ھ　(d) ذیقعدہ ۸ھ

(۸۷) سوال　رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج میں کتنے مسلمان تھے؟

(a) دس ہزار سے زیادہ　(b) دو لاکھ سے زیادہ　(c) ایک لاکھ سے زیادہ　(d) ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ

(۸۸) سوال　سب سے پہلا امیر حج کس کو بنایا گیا؟

(a) حضرت علی　(b) حضرت ابوبکر　(c) حضرت عمر　(d) حضرت عثمان

(۸۹) سوال　جیش اسامہؓ کو آپ نے کب روانہ کیا؟

(a) ۲۸/صفر ۱۱ھ　(b) ۲۸محرم ۱۱ھ　(c) ۲۸/صفر ۱۰ھ　(d) ۲۸/رجب ۱۱ھ

(۹۰) سوال آپ ؐ کی علالت کے درمیان مسجد نبوی کی امامت کس کے سپرد تھی؟

(a) ابوبکر صدیق (b) عمر فاروق (c) عثمان غنی (d) علی مرتضٰی

(۹۱) سوال وفات کے وقت آپ ؐ کا سر مبارک کس کی گود میں تھا؟

(a) حضرت فاطمہ (b) حضرت عائشہ (c) حضرت صفیہ (d) حضرت خدیجہ

(۹۲) سوال وفات کی خبر سن کر صحابہ کرامؓ کی کیا حالت ہوئی؟

(a) سارے بے ہوش ہو گئے (b) کسی کو یقین نہیں ہوا

(c) حیران و ششدر رہ گئے (d) آپس میں لڑنے لگے

(۹۳) سوال آپ ؐ کو کس نے غسل دیا؟

(a) حضرت عباس (b) حضرت عبداللہ بن عباس

(c) حضرت علی (d) حضرت زید

(۹۴) سوال آپ ؐ کی نماز جنازہ کہاں پڑھی گئی؟

(a) مسجد نبوی (b) مسجد حرام (c) عرفات (d) حجرہ عائشہ

(۹۵) سوال ان میں سے کون رسول اللہ ﷺ کو قبر میں اتارنے والوں میں شامل تھے؟

(a) حضرت فضل (b) حضرت عیاض (c) حضرت ابوبکر (d) حضرت عثمان

(۹۶) سوال آپ ؐ کی کتنی بیٹیاں تھیں ان کے نام کیا ہیں؟

(a) تین (b) چار (c) دو (d) ایک

(۹۷) سوال ان میں سے کون رسول اللہ ﷺ کے گھوڑے کا نام ہے؟

(a) ذوالفقار (b) حیرہ (c) مطرب (d) سبحہ

(۹۸) سوال ان میں سے کون رسول اللہ ﷺ کی اونٹنی کا نام ہے؟

(a) خرقاء (b) ملحاء (c) نصراء (d) عضباء

(۹۹) سوال ان میں سے کون رسول اللہ ﷺ کی لاٹھی کا نام ہے؟

(a) معشوق (b) مرزوق (c) مرحون (d) ممشوق

(۱۰۰) سوال ان میں سے کون رسول اللہ ﷺ کے زرہ کا نام ہے؟

(a) ذات القبول (b) ذات الوداع (c) ذات الوشاح (d) ذات المعاش

☆☆☆☆☆